SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**
For immediate release
May 19, 2023

## ایس ای سی پی کا محفوظ اور باہمی احترام پر مبنی روزگار کے ماحول کو یقینی بنانے کا عزم

اسلام آباد، 19 مئی: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے "ایک باعزت کام کے ماحول کی تشکیل" کے موضوع پر آگاہی سیشن کا اہتمام کیا۔ سیشن کی قیادت مہر گڑھ (سنٹر فار لرننگ) کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر محترمہ ملیحہ حسین نے کی۔ سیشن میں ایس ای سی پی کے عملے کے تمام اراکین نے شرکت کی، جنہیں اس موضوع کی حساسیت کے ساتھ ساتھ قابل اطلاق قوانین پر تربیت دی گئی۔

محترمہ ملیحہ حسین نے ان موضوعات پر بلا جھجک بات کرنے کی حوصلہ افزائی کرنے کی ضرورت پر زور دیا، خاص طور پر جنسی ہراسانی جیسے موضوعات پر، کیونکہ ایک محفوظ اور جامع کام کی جگہ بنانے کے لیے آگاہی سب سے ضروری جز ہے۔ انہوں نے حاضرین کو عمر، نسل، جنس یا مذہب سے قطع نظر سب کے ساتھ ہمدردی اور احترام کرنے کی ضرورت پر تربیت دی۔

محترمہ ملیحہ نے قابل اطلاق قوانین پر بھی روشنی ڈالی اور حاضرین کی رہنمائی کی کہ ان قوانین کے حوالے سے حکام سے کیسے رجوع کیا جائے۔

ایس ای سی پی ایک مساوی امپلائر کے طور پر، خواتین کو بااختیار بنانے کے کے لیے کوشاں ہے۔ حالیہ برسوں میں ایس ای سی پی کی پالیسیوں کے نتیجے میں، سینئر منجمنٹ میں خواتین کی نمائندگی بڑھ کر 23 فیصد ہو گئی ہے، جب کہ نئی بھرتیوں میں سے بھی 51 فیصد خواتین ہیں۔ مزید برآں، ایس ای سی پی میں ڈے کیئر کی سہولت، نماز کے لیے وقف جگہ، لیڈی ڈاکٹر اور 180 دن کی میٹرنٹی لیو بھی متعارف کرائی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ہراسگی سے متعلق شکایات کے حل کے لیے ایک کمیٹی بھی قائم کی گئی ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005